**09/01/2026**

**07.40 PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبر نامہ لے کر مینسنجو کمار**

**پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔**

**ہیڈ لائینز**

***........ وزیرداخلہ امت شاہ نے جموں کشمیر کی سلامتی صورتحال کا لیا جائزہ // منیجمنٹ سسٹم کو کیا متعارف۔IEDنیشنل**

***........صحت اور طبی تعلیم محکمے میں خالی پڑی اسامیاں بھرتی ایجنسیوں کو ریفر کرنے کی وزیر صحت سکینہایتو کی ہدایت۔**

**پلیٹ فارم کی بدولت اب تک ہوئی50ارب روپے کی بین Waves * ........ پرسار بھارتی کے الاقوامی تجارت// اشونی ویشنو۔**

***........آج منایا جارہاہے پرواسی بھارتیہ دیوس ۔**

**امت شاہ**

**وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ دہشت پسندی کے خاتمے کیلئے اس کے بنیادی ڈھانچے اور مالی معاونت کے خلاف کارروائی مشن موڈ میں جاری رہنی چاہئے ۔جموں کشمیر سے متعلق ایک اعلیٰ سطح کی سکیورٹی جائزہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے امت شاہ نے کہا کہ دہشت پسندی سے پاک جموں کشمیر کے ہدف کو حاصل کرنے کیلئے تمام وسائل دستیاب کرائے جائیں گے ۔**

**امت شاہ نے سکیورٹی ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ وہ آپسی تال میل کے ساتھ کام کریں تاکہ دفعہ370کی تنسیخ کے بعد حاصل کی گئی کامیابیاں بر قرار رہیں ۔**

**تپن IB میٹنگ میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ، مرکزی داخلہ سیکریٹری گوونڈ موہن ، ڈائریکٹر کمار اور جموں کشمیر کے چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کے علاوہ پولیس سربراہ نلین پربھات بھی موجود تھے۔**

**وزیر داخلہ**

**ڈاٹا منیجمنٹ سسٹم کو IED دریں اثنا امت شاہ نے آج ورچول موڈ کے ذریعے ملک میں نیشنل اور داخلی سلامتی کے ڈھانچے کو مزید مضبوط بنانے کی IED متعارف کیا ۔ یہ سسٹم ملک کے جانب ایک قدم ہے ۔**

وزیر داخلہ آج شام نئی دلی میں نارکو کارڈی نیشن سینٹر کی 9ویں میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں ۔ میٹنگ کے دوران ملک میں منشیات کے کاروبار کے خلاف عملائی جا رہی حکمت عملی کا جائزہ لیا جائے گا ۔

## میاں الطاف

پارلیمنٹ ممبر میاں الطاف احمد نے آج وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی اور جموں کشمیر سے جڑے کئی اہم معاملات پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔

## سکینہ ایتو

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے محکمے میں خالی پڑی اسامیوں کو بھرتی ایجنسیوں کو بروقت ریفر کرنے کی ہدایت دی ہے تاکہ جمونو کشمیر میں طب کے بنیادی ڈھانچے کو مزید مستحکم کیا جا سکے۔

سیول سیکریٹریٹ جموں میں ایک میٹنگ کے دوران انہوننے جمونو کشمیر کے میڈیکل کالجوں اور دیگر طبی اداروں میں عملے کی تعیناتی اور خالی پڑی اسامیوں کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا۔

میٹنگ میں محکمے کے سیکریٹری ڈاکٹر سید عابد رشید شاہ کے علاوہ گورنمنٹ میڈیکل کالجوں کے پرنسپل صاحبان، سکمز میڈیکل کالج کے پرنسپل اور کشمیر و جموں کے ناظمین صحت نے بھی شرکت کی۔

## ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران یوٹی میں طبی ڈھانچے کے مجوزہ اور زیر تعمیر ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائز ہ لیا۔ انہوننے پروجیکٹوں کے تعلق سے مالی تصرف اور حصولیابیوں کے بارے میں تفصیلی جانکاری طلب کی۔ انہوننے تمام پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل کو یقینی بنانے پر زور دیا۔

## جسروٹیہ

جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے ممبر راجیو جسروٹیہ نے آج نئی دلی میں وزیر اعظم کے دفتر میں وزیر مملکت ڈاکٹر جتندر سنگھ کے ساتھ ملاقات کی ۔ انہوں نے جموں کشمیر کی تعمیر و ترقی خاص کر کھٹوعہ ضلع کی ترقیاتی سرگرمیونکے بارے میں مرکزی وزیر کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔

موصوف نے جسروٹہ حلقے کیلئے پردھان منتری گرام سڑک یوجنا کے پروجیکٹوں کو جلد MLA از جلد منظوری دیئے جانے کی مانگ کی ۔

ڈاکٹر جتندر سنگھ نے ترقیاتی عمل کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں ہر ممکن معاونت کا یقین دلایا ۔

## جی رام جی

اب خبر جی رام جی سکیم سے متعلق

حال ہی میں متعارف کئے گئے قانون " وکست بھارت ۔ روزگار گارنٹی اور آجیوکا مشن گرامین" کا عوامی سطح پر وسیع خیر مقدم کیا جا رہا ہے ۔

ریاسی سے تعلق رکھنے والے لکی ملہوترانے اس ضمن میں اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

یہ ہینسانبہ ضلع میں گڈوال حلقے کے سابق سرپنچ موہن لال شرما کے تاثرات۔

دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ وکست بھارت جی رام جی ایکٹ کو وزیر اعظم کی گتی شکتی پہل سے جوڑا گیا ہے، تاکہ اسے مزید موثر بنایا جا سکے۔

## بھاجپانامہ

بی جے پی جمونو کشمیر کے صدر ست شرما نے کہا ہے کہ وکست بھارت جی رام جی دیہی روزگار سکیموں میں بے ضابطگیاں ختم کرنے کی گارنٹی بھی فراہم کر تا ہے۔ وہ آج جموں میں پارٹی ہیڈ کواٹر پر جی رام جی جن جاگرن ابھیان کے تحت منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کر رہے تھے۔ پروگرام میں پارٹی کے دیگر کئی لیڈروں نے بھی شرکت کی۔

اس دوران پارٹی کے مہیلا مورچہ، کسان مورچہ اور دیگر مورچوں کی میٹنگس آج سرینگر میں منعقد ہوئیں۔ ان میٹنگ سے خطاب کر تے ہوئے پارٹی کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول نے کہا کہ بی جے پی کی سبھی اکائیاں وزیر اعظم کے نظریے کو تقویت بخشنے اور اس کو عام لوگوں تک پہنچانے میں بنیادی رول ادا کر تے ہیں۔

## EDI

جموں کشمیر آنٹر پرنیور شپ ڈیولپمنٹ انسٹی چیوٹ کے اہتمام سے یو ٹی کے مختلف اضلاع میں منعقد کئے گئے صلاحیت سازی کے 21سلسلہ وار پروگرام کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوئے ہیں۔ ان پروگراموں کے دوران 224خواہشمند صنعت کاروں کو ضروری تربیت فراہم کی گئی۔

## اعجاز بشیر

جمونو کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر کی صدارت میں آج جموں صوبے کے تمام ڈگری کالجوں کے پرنسپل صاحبان کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی ۔ میٹنگ میں تدریسی نظم و ضبط، سٹوڈنٹ سپورٹ سسٹم اور کالجوں کے انتظامی معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

ڈائریکٹر کالجز نے اعلیٰ تعلیمی اداروں کے نظام اور درس و تدریس کے طر ز عمل میں مزید بہتری لانے کی ہدایت دی۔

**LPU**

پروفیشنل یونیورسٹی کا12واں کنووکیشن آج منعقد ہوا۔ Lovely پنجاب کے جالندھر میں قائم نے Mary Elizabeth Truss کنووکیشن کی پہلی نشست کی صدارت برطانیہ کی سابق وزیر اعظم کی جبکہ دوسری نشست کی صدارت نائب صدر جمہوریہ ڈاکٹر سی پی رادھا کرشنن نے کی۔ اس موقعے پر یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر جسپال سنگھ سندھو اور دیگر کئی شخصیات بھی موجود تھیں۔

محمود احمد خان کو بھی ان Staffer کنووکیشن کے دوران آکاشوانی نیوز سرینگر کے ڈگری سے نوازا گیا۔ شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر، نیوز ایڈیٹر اشفاق احمد شاہ اور Ph.Dکی دیگر عملے نے محمود احمد خان کو مبارکباد دی ہے۔

**بریک**

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

**ویشنو**

اطلاعات اور نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ پرسار بھارتی کے پلیٹ فارم کی عالمی سطح پر سراہنا کی جا رہی ہے اور اس پلیٹ فارم کی بدولت اب Waves تک50ارب روپے کی بین الاقوامی تجارت ممکن ہوئی ہے۔

کو لانچ کرنے کے موقعے پر Creators Cornerیہ بات انہوننے ڈی ڈی نیوز کے نئے پروگرام کہی۔

قابل ذکر ہے کہ تخلیقی مواد تیار کرنے والوں کی حوصلہ افزائی پر مرکوز یہ پروگرام ہر ہفتے سوموار سے جمعہ تک شام7بجے ڈی ڈی نیوز پر نشر ہوا کرے گا۔

**محبوبہ مفتی**

سابق وزیر اعلیٰ اور پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی نے شری ماتا ویشنو دیوی یونیورسٹی کٹرہ سے منسلک میڈیکل کالج کو بند کئے جانے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے فیصلوں سے جمونو کشمیر میں مایوسی کا ماحول پیدا ہوسکتا ہے۔ انہوننے متعلقہ حکام سے اس فیصلے پر نظر ثانی کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

محبوبہ مفتی نے فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو سماج میں مستحکم کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ جموں کشمیر کے کسی بھی حصے میں لوگوں کو مذہبی بنیادوں پر تقسیم کرانے کی سبھی کوششوں کو ناکام بنایا جانا چاہئے۔

**<u>تنویر صادق</u>**

نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق نے کہا ہے کہ عمر عبداللہ کی سر براہی والی سرکار کی پالیسیوں کی بدولت جمونو کشمیر تبدیلی کے ایک واضح دور سے گذر رہا ہے۔ اپنے حلقہ انتخاب کے مختلف علاقوں کا دورہ کر نے کے دوران انہوننے کہا کہ سرینگر شہر کو ترقیاتی عمل میں مناسب توجہ مل رہی ہے۔

**<u>شاہین</u>**

جنتا دل یونائٹیڈ جمونو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے کہا ہے کہ موجودہ موسمی صورتحال کے نتیجے میں لوگوں کو گونا گوں مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوننے کہا ہے کہ جمونو کشمیر کی سرکار مفلوج ہو کر رہ گئی ہے اور لوگونکو بقول ان کے حالات کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے۔

**<u>پرواسی دیوس</u>**

آج پرواسی بھارتیہ دیوس منایاجا رہا ہے۔یہ دن 1915میں مہاتما گاندھی کی جنوبی افریقہ سے بھارت واپسی کی یاد میں منایاجاتا ہے ۔ یہ دن دنیا کے مختلف حصوں میں رہنے والے بھارتی افراد کے اُس رول کو اجا گر کرنے کیلئے منایاجاتا ہے جو وہ اپنے ملک کی ترقی میںادا کرتے ہیں۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے اس دن کی مناسبت سے اپنے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ Indian Diaspora بھارت اور باقی دنیا کے درمیان ایک مضبوط پُل کا کام کرتا ہے ۔ انہوں نے کہا ہے کہ مختلف ممالک میں رہنے والے بھارتی افراد نے اپنی ثقافت کو فروغ دینے میں اہم رول ادا کیا ہے ۔

**<u>IGP</u>**

کشمیر IGP وی کے بردی نے کہا ہے کہ پولیس لوگوں کو تحفظ فراہم کرنے کے علاوہ سماجی بُرائیوں کے خاتمے میں بھی پیش پیش رہتی ہے۔ سرینگر میں2024بیچ کے29 پروبیشنری DYSPs کے ساتھ تبادلہ خیال کے دوران انہوننے کہا کہ امن و قانون کو بر قرار رکھنے کےلئے پولیس فورس پر بنیادی ذمہ داری عائد ہو تی ہے۔

انہوننے نوجوان افسروں سے تلقین کی کہ وہ لگن اور تندہی کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیں۔

## کشمیر پولیس

منشیات کے کاروبار کے خلاف اپنی کارروائی جا ری رکھتے ہوئے پولیس نے شوپیان میں مشتاق احمد کھانڈے نامی ایک شخص کے گھر سے نشیلی اشیاءکی کچھ مقدار بر آمد کی ہے۔

بانڈی پورہ اعجاز احمد زر گر کی صدارت میں آج ضلع پولیس افسران کی ایک میٹنگ منعقد SSP ہوئی جس دوران ضلعے کی سلامتی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔

بارہمولہ ضلعے میں پولیس کے اہتمام سے آج مختلف مقاما ت پر30 عوامی رابطہ پروگرام منعقد ہوئے جس دوران لوگوں نے اپنے مسائل پولیس افسران کی نوٹس میں لائے۔

ہندواڑہ میں سوِک ایکشن پروگرام کے تحت والی بال چمپئن شپ منعقد ہوئی جس میں6ٹیموں نے حصہ لیا۔

## جموں پولیس

جموں میں پولیس نے منشیات کے کاروبار کے خلاف ایک کارروائی کے دوران نگروٹہ علاقے میں فرید نامی ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے۔

اس دوران جموں میں پولیس نے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف اپنی کارروائی میں تیزی لائی ہے۔

کشتواڑ میں پولیس نے کرایہ داروں کے بارے میں معلومات فراہم نہ کرنے کی پاداش میں2 افراد کے خلاف کارروائی کی ہے۔

## نشہ مکت بھارت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے مینوادی کے ایک نامور افسانہ نگار غلام نبی شاہدنے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

## مطالبہ

عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس کی کارروائیوں کی سراہنا کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر موثر تلاشی کارروائیوں کے ذریعے ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کرنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جانے چاہیں۔

**انتقال**

میر واعظ مولوی ریاض احمد ہمدانی کی والدہ کے انتقال پر جموں کشمیر کی کئی دینی ، سماجی اور سیاسی جماعتوں اور افراد نے دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔

جمونو کشمیر جمعیت ہمدانیہ کا ایک تعزیتی اجلاس آج خانقاہ معلی سرینگر میں منعقد ہوا جس دوران مرحومہ کے حق میں دعائے مغفرت کی گئی۔ نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر و وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے مولانا ریاض احمد ہمدانی کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

تعزیت کرنے والوں میں حقانی میموریل ٹرسٹ ،

**ساگر تعزیت**

اس دوران ساگر کلچرل فورم اور رحمت عالم کلچرل فورم کے اراکین نے کشمیری زبان کے معروف شاعر مقبول فیروزی کی اہلیہ کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔

**اکیڈیمی پروگرام**

جمونو کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ کلچر اینڈ لنگویجز معروف فنکار مرحوم عبدالرشید فراش کی یاد میں ایک میوزیکل پروگرام کا انعقاد کر رہی ہے۔ نیشنل سو سائٹی فار ہیومن ویلفیر کے اشتراک سے یہ پروگرام کل یعنی10جنوری کو دوپہر 2بجے ٹائیگور ہال سرینگر میں منعقد ہو گا۔

**Winter**

وادی میں درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔ تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

**موسم**

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت10اعشاریہ8 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی6 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت15اعشاریہ9 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت5 اعشاریہ6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر35منٹ اور